میڈیا آفس
حزب التحریر
تیونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 05 شوال، 1439ھ | 19/06/2018 | نمبر: 26/1439

پریس ریلیز

کمیٹی برائے شخصی آزادی اور مساوات کی رپورٹ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے خلاف اعلان جنگ ہے

ہم حزب التحریر شعبہ خواتین ولایہ تیونس کی طرف سے یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ:

کمیٹی رپورٹ برائے شخصی آزادی اور مساوات اللہ سبحان وتعالی کے خلاف ایک کھلا اعلان جنگ ہے کیونکہ یہ رپورٹ ان تجاویز پر مشتمل ہے جس میں خاندان کے نسبی ناموں کے چناؤ کی آزادی، شادی میں مہر کا خاتمہ، وراثت میں برابری، بیوہ کی عدت کا خاتمہ اور اس کے علاوہ کئی اور چیزیں ہیں جنہیں انقلابی اور زبردست تجاویز کہا جارہاہے۔ان تجاویز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کمیٹی کا کام مغربی احکامات پر عمل درآمد کرنے کا ہی سلسلہ ہے جیسا کہ سن 2011 میں "سی ای ڈی اے ڈبلیو" (سیداو) معاہدے پر تحفظات کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ہم جنس پرستی اور زنا کو قبول کرکے جائز قرار دیا گیا تھا اور اسے "عورت کے استحصال کے خلاف مزاحمت" قرار دیتے ہیں۔

اس لیے ہم اس چیز کی تصدیق کرتے ہیں کہ یہ جرم ہے جسے یہ کمیٹی نافذ کرنا چاہتی ہے، لوگ اس کو سختی سے رد کرتے ہیں کیونکہ یہ شریعت اور ان کے عقیدے کے خلاف ہے جن کو مذہب میں ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے۔اور اس میں کوئی تبدیلی یا غلط تاویل ایک سنگین جرم ہے جس کو ایک مسلم ملک میں لوگ کبھی قبول نہیں کریں گے۔

اس کمیٹی کے سفارشات کے بارے میں ہم آپ سب کو متحرک کرنا چاہتے ہیں اور یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اِن قوانین کے خلاف آواز اٹھائیں اور اُن قوانین کے حق میں اپنا کردار ادا کریں جو امت کے عقیدے سے نکلتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ اُس نظام حکومت کے لیے جدوجہد کریں جو ایک عورت، خاندان اور پوری امت کو اس کا اصل مقام دے گی یعنی خلافت علی منہاج النبوہ جس کا رسول اللہ ﷺ نے ہم سے وعدہ کیا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

﴿أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ﴾

"کیا وہ جاہلیت کے فیصلوں میں حل تلاش کرتے ہیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟" (المائدہ:50)

حنان الخمیری
ولایہ تیونس میں آفیشل سپوکس وومن برائے شعبہ خواتین میڈیا آفس حزب التحریر

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ٹیلی فون: 71345949 فیکس: 71345950
ای۔میل: tunis@htmedia.info www.ht-tunisie.info